فوری ریلیز کے لیے: 21/1/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک ایٹ بنگھمٹن میں کسی عوامی یونیورسٹی میں ملک کے پہلے خودمختار AI کی تحقیق کے مرکز کا آغاز کیا

ایلومنس Tom Secunda کی قیادت میں عطیہ دہندگان کے ایک گروپ کی طرف سے $30 ملین کے تاریخی بیج فنڈنگ کے تحفے اور $25 ملین کی ریاستی سرمایہ کاری سے تقویت یافتہ، یہ نیا مرکز تحقیقی پیشرفتوں کو آگے بڑھائے گا اور نیو یارک کے باشندوں کے لیے قابلِ بھروسہ AI کو یقینی بنانے میں مدد دے گا

بنگھمٹن یونیورسٹی کی تاریخ کا سب سے بڑا تعلیمی عطیہ SUNY میں تحقیق کو دوگنا کرنے کے گورنر Hochul کے ہدف کو آگے بڑھاتا ہے اور نیو یارک کو AI کی اختراع میں ایک قومی رہنما کے طور پر مزید مستحکم کرتا ہے

گورنر Hochul کے اعلان کی ویڈیو یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک ایٹ بنگھمٹن کی تاریخ کے سب سے بڑے تعلیمی عطیے کا اعلان کیا، جس کے تحت 'سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ' کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو کہ امریکہ کی کسی عوامی یونیورسٹی میں اپنی نوعیت کا پہلا AI کی تحقیق کا خودمختار مرکز ہے۔

Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) — جو بنگھمٹن یونیورسٹی کے ایلومنس، Bloomberg LP کے شریک بانی، اور ایمپائر AI کنسورشیم کے بورڈ کے خودمختار چیئرمین کے طور پر بھی خدمات انجام دے رہے ہیں — کی قیادت میں عطیہ دہندگان کے ایک گروپ کی طرف سے $30 ملین کے فراخدلانہ عطیہ کے ہمراہ SUNY کی جانب سے $25 ملین کی تحقیقی سرمایہ کاری بھی ہے۔ یہ اعلان ریاست نیو یارک کی جانب سے SUNY کی تحقیق اور اس جدید انفراسٹرکچر کے لیے جاری مالی معاونت پر مبنی ہے جو نیو یارک کو مصنوعی ذہانت سمیت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں مقابلہ کرتا رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

یہ اعلان گورنر Hochul (ہوکل) کے اس پختہ یقین کی نشاندہی کرتا ہے کہ AI صحت، تحفظ اور معاشی مواقع میں اہم پیش رفت کا باعث بن سکتی ہے، اور اس وعدے کی تکمیل کے لیے ان محفوظ، شفاف اور قابلِ بھروسہ بنیادوں کی ضرورت ہے جو آزادانہ تحقیق فراہم کر سکتی ہے۔

"مصنوعی ذہانت تیزی سے ترقی کر رہی ہے، اور جیسے جیسے یہ ٹیکنالوجی ہمارے ہر کام پر تیزی سے اثر انداز ہو رہی ہے، ہمیں بھی اتنی ہی مستعدی کی ضرورت ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ AI نیو یارک کے باشندوں کے لیے محفوظ اور ذمہ دارانہ طریقے سے کام کرے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ تحقیق کا ایک خود مختار شعبہ ہو گا جو نیو یارک کے باشندوں کو یہ شفافیت اور اعتماد فراہم کرے گا کہ AI کو ایسے طریقوں سے تیار اور استعمال کیا جا رہا ہے جو عوامی بہبود کے لیے ہوں، خاص طور پر عوامی شعبے میں استعمال میں لائے جاتے وقت۔ یہ کوشش نیو یارک کی پالیسی قیادت اور SUNY کی تحقیق اور جدت طرازی میں سرمایہ کاری کے حوالے سے ہمارے مسلسل عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ میں Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) اور Secunda (سیکنڈا) خاندان کے ساتھ ساتھ اس اقدام کی حمایت کرنے والے عطیہ دہندگان کے وسیع تر گروپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں، جن کا SUNY بنگھمٹن کے لیے غیر معمولی عزم اور ریاست نیو یارک کے ساتھ ان کی شراکت داری قابلِ ستائش ہے جبکہ ہم ذمہ دارانہ AI کے لیے ایک قومی نمونہ تیار کر رہے ہیں۔"

Bloomberg LP کے شریک بانی اور ایمپائر AI بورڈ کے چیئرمین Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) نے کہا، ”میں اس حوالے سے پُرامید ہوں کہ AI کیا کچھ ممکن بنائے گی—نئی سائنسی دریافتیں، صحت کے بہتر نتائج، مضبوط عوامی خدمات اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ جو مواقع کو وسعت دیں گے، اور میں گورنر Hochul (ہوکل) کا عوامی بہبود کے لیے سائنس کو فروغ دینے کے مسلسل عزم پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ان فوائد سے مکمل استفادہ کرنے کے لیے، ہمیں صحیح طریقے سے اعتماد پیدا کرنے کی بھی ضرورت ہے: یعنی آزادانہ اور متواتر تحقیق کے ذریعے جو سسٹمز کی جانچ کر سکے، کارکردگی کی پیمائش کر سکے، اور یہ واضح کر سکے کہ جدید ماڈلز حقیقی دنیا کے ماحول میں کیسا برتاؤ کرتے ہیں۔ یہ نیا مرکز ان ٹولز، معیارات، اور باصلاحیت افراد کی پائپ لائن بنانے میں مدد کرے گا جن کی ملک کو ضرورت ہے تاکہ AI نہ صرف طاقتور ہو، بلکہ محفوظ، شفاف اور عوامی اعتماد کے قابل بھی ہو۔ ایمپائر AI کے ساتھ مشترکہ کمپیوٹنگ انفراسٹرکچر کے ساتھ مل کر، بنگھمٹن یونیورسٹی اس قومی کوشش کی قیادت کرنے میں مدد کر سکتی ہے جو اس بات کو یقینی بنائے گی کہ AI کی اگلی نسل کی پیشرفت کمیونٹیز کو مضبوط بنائے اور امکانات کو وسعت دے۔“

ایمپائر AI کنسورشیم کے ذریعے AI کے ذمہ دارانہ استعمال میں ریاست نیو یارک کی قیادت کو بروئے کار لاتے ہوئے، بنگھمٹن یونیورسٹی میں 'سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ' ذمہ دار، دہرائے جانے کے قابل اور شفاف مصنوعی ذہانت کی سائنس اور انجینئرنگ کی تخلیق کے لیے ملک کا سب سے بڑا تعلیمی مرکز ہو گا۔ اس کا مقصد مصنوعی ذہانت کے ماڈلز اور سسٹمز کی حفاظت، سلامتی اور شفافیت کے بارے میں بنیادی تکنیکی تحقیق کے لیے ملک کے واحد عوامی تعلیمی مرکز کے طور پر کام کرنا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد مل سکے کہ AI عوامی بہبود کے کام آئے۔ اس کا قیام AI میں محفوظ، منصفانہ اور قابلِ رسائی تحقیق اور ترقی کے آغاز کے مزید مواقع فراہم کرتا ہے جو نیو یارک کے ہر گوشے کو فائدہ پہنچائے، اور یقینی بنائے کہ یہ طاقتور آلات محفوظ، غیر جانبدار اور سمجھنے میں آسان ہوں۔ ایمپائر AI کنسورشیم کے ساتھ باہمی تعاون سے، یہ اقدام نیو یارک کو مفادِ عامہ کے ایک نئے تکنیکی شعبے میں سب سے آگے لاتا ہے، اور AI کے باصلاحیت افراد کو اس ریاست کی جانب راغب کرے گا۔

بنگھمٹن یونیورسٹی ایمپائر AI کنسورشیم کا ایک بانی رکن ہے، جو ریاست کی معروف سرکاری اور نجی تحقیقی یونیورسٹیز کو AI کمپیوٹنگ کے جدید ترین وسائل تک رسائی فراہم کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کا ایک انقلابی اقدام ہے۔ SUNY اور بنگھمٹن یونیورسٹی مرکز کی قیادت اور منسلک فیکلٹی کے لیے فوری طور پر ملک گیر تلاش شروع کریں گے، تاکہ مرکز کے آزادانہ تحقیقی مشن کو آگے بڑھانے اور شواہد پر مبنی نتائج کو حقیقی دنیا کے تجربات میں منتقل کرنے کے لیے ایک عالمی سطح کی ٹیم تیار کی جا سکے، اور مرکز کے لیے دستیاب فنڈنگ کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے کام کیا جائے گا۔

SUNY کے چانسلر John B. King Jr. (جان بی کنگ جونیئر) نے کہا، ”SUNY ترقی کی راہ پر گامزن ہے، اور گورنر Hochul (ہوکل)، ہماری ریاستی مقننہ، اور بنگھمٹن کے ایلومنس اور ٹیکنالوجی لیڈر Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) کی سخاوت کی بدولت، ہمارے باصلاحیت فیکلٹی ممبران اور طلباء کو نیو یارک کو آگے لے جانے کے لیے تحقیق کے بے مثال مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ یہ تاریخی سرمایہ کاری SUNY میں تحقیق کو دوگنا کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے مسلسل عزم کا حصہ ہے کہ ہم مصنوعی ذہانت سمیت ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز، بشمول AI، میں صفِ اول میں رہیں۔ تحقیق اور جدت طرازی کے لیے SUNY سے بہتر واقعی کوئی اور جگہ نہیں ہے۔“

SUNY کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے کہا، ”ذمہ دارانہ AI کا مقصد ایسی ٹیکنالوجی بنانا ہے جس پر ہم بھروسہ کر سکیں، اور ہمارے SUNY کیمپسز کے پاس وہ بہترین ٹولز موجود ہیں جو ہم اپنی بہترین فیکلٹی اور ابھرتے ہوئے طالب علم محققین کو پیش کر سکتے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) اور Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) کے AI کی تحقیق اور جدت طرازی کے لیے شاندار عزم پر ہماری جانب سے تہہِ دل سے شکریہ۔“

بنگھمٹن یونیورسٹی کی صدر Anne D'Alleva (این ڈی الیوا) نے کہا، ”سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ ایک ایسے وقت میں اختراعی تحقیق و اہل علم، اخلاقی قیادت اور عوامی شمولیت کو یکجا کرے گا جب ان تینوں کی

فوری ضرورت ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاستی مقننہ کی ان کی دور اندیشانہ حمایت کے لیے، اور Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) کی ان کی غیر معمولی سخاوت اور اپنی مادرِ علمی سے ان کے مسلسل لگاؤ کے لیے تہہِ دل سے مشکور ہوں۔ مل کر، ہم ایک ایسا تحقیقی ماحول بنا رہے ہیں جو کو یقینی بناتا ہے کہ AI کمیونٹیز کو مضبوط کرے گی، ہماری معیشت کو ترقی دے گی اور عوام کا اعتماد حاصل کرے گی۔"

ریاستی سینیٹر Toby Ann Stavisky (ٹوبی این اسٹاوِسکی) نے کہا، "نیو یارک کو نہ صرف مصنوعی ذہانت تیار کرنے میں بلکہ اسے ذمہ داری کے ساتھ انجام دینے میں بھی قیادت کرنی چاہیے۔ SUNY بنگھمٹن کے لیے یہ تاریخی سرمایہ کاری عوامی اقدار کو AI کی تحقیق کا مرکز بناتی ہے۔ یہ انتہائی خوش آئند ہوتا ہے جب فلاحی کوششیں اس امر کو یقینی بناتی ہیں کہ یہ کام تمام نیو یارک کے باشندوں کے فائدے کے لیے ایک عوامی یونیورسٹی میں ایک کھلے اور شفاف طریقے سے انجام پائے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کے ایسی سرکاری اور نجی شراکت داریوں کے عزم کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں جو SUNY کو جدت طرازی میں سب سے آگے رہنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Lea Webb (لی ویب) نے کہا، "سینیٹ ہائر ایجوکیشن کمیٹی کی رکن اور بنگھمٹن یونیورسٹی کی سابق طالبہ ہونے کے ناطے، مجھے ایسے اقدام کی حمایت کرنے پر فخر ہے جو یقینی بناتا ہے کہ AI کو منصفانہ، محفوظ، شفاف طریقے سے اور مفادِ عامہ میں تیار کیا جائے۔ سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ میں یہ تاریخی سرمایہ کاری نیو یارک کو ذمہ دارانہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں صفِ اول میں کھڑا کرتی ہے۔ ہم اس کام کو SUNY بنگھمٹن میں مستحکم کر کے اور قابلِ بھروسہ AI کے لیے ایک قومی معیار قائم کر کے اپنے طلباء کے لیے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔"

رکن اسمبلی Joseph Angelino (جوزف انجیلینو) نے کہا، "مجھے بنگھمٹن یونیورسٹی کو دیے گئے اس شاندار تحفے کو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ ان فنڈز سے قائم کیا جانے والا جدید ترین AI سینٹر، نیو یارک کو مصنوعی ذہانت کے معاملے میں ملک کا صفِ اول کا رہنما بنانے میں مددگار ہو گا۔ میں عطیہ دہندگان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں؛ آپ کی یہ سخاوت رائیگاں نہیں جائے گی۔"

بروم کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Jason Garnar (جیسن گارنر) نے کہا، "یہ سرمایہ کاری بنگھمٹن یونیورسٹی اور بروم کاؤنٹی کو AI کی اعلیٰ ترین درجے کی تحقیق اور جدت طرازی میں صفِ اول میں کھڑا کرتی ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہماری کمیونٹی میں موجود ٹیلنٹ اور صلاحیتوں کو پہچانا۔ یہ مرکز تحقیق کو فروغ دے گا، بہترین ٹیلنٹ کو اپنی طرف متوجہ کرے گا، اور طلباء، کاروباری اداروں اور ہماری افرادی قوت کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گا۔"

ایمپائر AI تحقیق کے زیادہ پرعزم ایجنڈوں کو ممکن بنا رہا ہے اور جدید کمپیوٹرز تک رسائی کو بڑھا کر ریاست نیو یارک کے تعلیمی محققین کے لیے پہلے ہی قابلِ ذکر اثرات مرتب کر رہا ہے—یہ کمپیوٹرز حیاتیاتی ٹیکنالوجی اور علوم حیات سے لے کر جدید مصنوعات سازی اور سماجی علوم تک مختلف شعبوں میں دریافت کے عمل کو تیز کریں گے۔ ابتدائی منصوبوں نے محققین کو پیچیدہ حیاتیاتی اور کیمیائی تعاملات کے ماڈل تیزی سے تیار کرنے، بیماریوں کی تشخیص اور علاج کے نئے طریقے تلاش کرنے، اور اس بات کی سمجھ بوجھ کو بہتر بنانے میں مدد دی ہے کہ نفرت انگیز تقریر جیسے آن لائن نقصانات کس طرح پھیلتے اور پروان چڑھتے ہیں۔ اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک ایٹ بنگھمٹن میں نیا 'سینٹر برائے AI ریسپانسبلٹی اینڈ ریسرچ' اس رفتار کو مزید آگے بڑھائے گا، یہ ایک خودمختار اور مفادِ عامہ کے تحقیقی انجن کے طور پر کام کرے گا جس کی توجہ اس حفاظت، سیکیورٹی اور شفافیت پر ہو گی جو AI کو اعتماد کے ساتھ اور عوامی مفاد میں استعمال کرنے کے لیے درکار ہے۔

سرمایہ کاری کے فنڈز مختص کیے جانے کے ایک حصے کے طور پر، اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیویارک ایٹ بنگھمٹن اپنی ری برانڈنگ کرے گی تاکہ خود کو مکمل طور پر SUNY کے نام اور لوگو کے مطابق ہم آہنگ کر سکے، اس کا مقصد تحقیق کے میدان میں SUNY کے قائدانہ کردار کا مسلسل مظاہرہ کرنا اور اسے وسعت دینا ہے، اور ریاست نیو یارک کے سرکاری اعلیٰ تعلیم کے نظام میں اس کیمپس کے کردار کو تسلیم کرنا ہے۔ SUNY ہر یونیورسٹی سینٹر کے ساتھ ان کے اپنے اسی طرح کے برانڈنگ کے عمل پر کام کر رہی ہے۔

اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک کے بارے میں
اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک امریکہ میں اعلیٰ تعلیم کا سب سے بڑا جامع نظام ہے، اور نیو یارک کے 95 فیصد سے زیادہ شہری SUNY کے 64 کالجوں اور یونیورسٹیوں میں سے کسی ایک سے 30 میل کی حدود کے اندر مقیم ہیں۔ نظام کے تمام شعبوں میں، SUNY کے پاس چار تعلیمی ہیلتھ سینٹرز، پانچ ہسپتال، چار میڈیکل اسکول، دو ڈینٹل اسکول، ایک لاء اسکول، ملک کا قدیم ترین میری ٹائم اسکول، ریاست کا واحد آپٹومیٹری کالج، 12 تعلیمی مواقع کے مراکز، 30 سے زیادہ ATTAIN ڈیجیٹل لٹریسی لیبز موجود ہیں، اور یہ امریکی محکمہ توانائی کی ایک نیشنل لیبارٹری کا انتظام بھی سنبھالتی ہے۔ مجموعی طور پر، SUNY اپنے کریڈٹ اور نان کریڈٹ کورسز اور پروگرامز، مسلسل تعلیم، اور کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرامز کے پورٹ فولیو کے ذریعے تقریباً 1.7 ملین طلباء کو خدمات فراہم کر رہی ہے۔ SUNY نیو یارک میں ہونے والی تعلیمی تحقیق میں سے تقریباً ایک چوتھائی کی نگرانی کرتی ہے۔ نظام بھر میں مالی سال 2025 کے دوران تحقیق پر ہونے والے اخراجات تقریباً 1.5$ بلین ہیں، جس میں طلباء اور فیکلٹی کا قابل ذکر تعاون شامل ہے۔ دنیا بھر میں SUNY کے تین ملین سے زائد سابق طلباء ہیں اور نیو یارک کے کالج کی ڈگری کے حامل ہر تین شہریوں میں سے ایک SUNY سے فارغ التحصیل ہے۔ SUNY کس طرح مواقع پیدا کرتی ہے، اس بارے میں مزید جاننے کے لیے suny.edu پر جائیں۔

ایمپائر AI کے متعلق
ایمپائر AI نیو یارک کی معروف سرکاری اور نجی یونیورسٹیز کی ایک جرات مندانہ شراکت داری ہے جس کا مقصد ایک جدید ترین مصنوعی ذہانت کمپیوٹنگ سینٹر قائم کرنا ہے، جو SUNY کی یونیورسٹی ایٹ بفلو میں واقع ہے۔ اس کنسورشیم میں کولمبیا یونیورسٹی، کارنیل یونیورسٹی، CUNY، آئیکان اسکول آف میڈیسن ایٹ ماؤنٹ سینائی، نیو یارک یونیورسٹی، رینسیلر پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ (Rensselaer Polytechnic Institute, RPI)، یونیورسٹی آف راچسٹر، راچسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، SUNY، اور فلیٹ آئرن انسٹی ٹیوٹ شامل ہیں، ساتھ ہی Tom Secunda (ٹام سیکنڈا) اور سیمنز فاؤنڈیشن جیسے فلاحی مددگار بھی اس کا حصہ ہیں۔ ایمپائر AI محفوظ، منصفانہ اور قابلِ رسائی AI تحقیق اور ترقی کے شعبے میں پیش روی کر رہا ہے، جس کے فوائد نیو یارک کے ہر کونے تک پہنچیں گے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں